SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ 1975
SINDH ACT NO.IV OF 1975
سندھ جرائم پر روک تھام ایکٹ، 1975
THE SINDH CRIMES CONTROL ACT, 1975

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. تعریفات
Definitions
3. ٹربیونل
Tribunal
4. ٹربیونل کا مقدمات پر دائرہ اختیار
Cognizance of cases by Tribunal
5. شخصیات کی طلبی
Summoning of persons
6. رپورٹ کی نقل فراہم کرنا
Delivery of copy of report
7. طریقہ کار جب کوئی جوابدار روپوش ہوجائے یا مفرور ہوجائے
Procedure where a person absconds or conceals himself
8. کاروائیاں
Proceedings
9. مشترکہ یا علیحدہ کاروائیاں
Joint or separate proceedings
10. ٹربیونل کا اختیار
Power of Tribunal
11. سماعت کرنے والی ٹربیونل کا طریقہ کار
Procedure by Succeeding Tribunal

12. ٹربیونل کو عدالت سمجھا جائے گا
Tribunal deemed to be court
13. گواہی
Evidence
14. عادی مجرموں کی طرف سے اچھے برتاء کی ضمانت
Security for good behavior from habitual offenders
15. جوابدار شخص کی آزادی
Release of person complaint against
16. بانڈ جمع کرانے میں ناکامی
Failure to furnish Bond
17. ضمانت
Surety
18. بانڈ کو رد کرنے کے لئے درخواست
Request for cancellation of bond
19. بانڈ کا ضائع ہونا
Breach of Bond
20. آزادی کی شرائط
Conditions of release
21. اپیل
Appeal
22. ریکارڈ کی طلبی کا اختیار
Power to call for record
23. مقدمات کی منتقلی
Transfer of cases
24. کاروائی سے دستبردار ہونا
Withdrawal of proceeding
25. مقدمات اور قانونی چارہ جوئی پر پابندی
Bar to suits and prosecutions
26. قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules
27. منسوخی
Repeal

سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ 1975
SINDH ACT NO.IV OF 1975
سندھ جرائم پر روک تھام ایکٹ، 1975
THE SINDH CRIMES CONTROL ACT, 1975

[27 مارچ 1975]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ میں جرائم سے بچاء اور جرائم کو دوبارہ ہونے سے روکنے اور غیر معاشرتی عناصر اور غیر مہذب شخصیات کو قانون کے دائرے میں لانے کے لئے کارآمد قانون سازی کی جائے۔

جیسا کہ سندھ میں جرائم سے بچاء اور جرائم کو روکنے اور غیر معاشرتی عناصر اور غیر مہذب شخصیات کو قانون کے دائرے میں لانے کے لئے موثر قانون سازی کرنا ضروری ہوگیا ہے۔

جس کو مندرجہ زیل طریقے سے بنا کر عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ جرائم پر روک تھام ایکٹ، 1975 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریفات
Definitions

2. اس ایکٹ میں جب کچھ مفہوم، مضمون کے برعکس نہ ہو تب تک مندرجہ ذیل کا با ترتیب مفہوم اس طرح ہوگا:

(a) ”گھیراو“ سے مراد ناگوار کشیدگی یا کوئی غلط گھیراؤ جیسا کہ پاکستان پینل کوڈ میں بیان کیا گیا ہے۔

(b) ” حکومت“ سے مراد سندھ حکومت ؛

ٹربیونل
Tribunal

(c) ”ٹربیونل“ سے مراد دفعہ 3 کے تحت بنایا گیا ٹربیونل۔

ٹربیونل کا مقدمات پر دائرہ اختیار

3. (1) ٹریبونل اس ایکٹ کے تحت مقدمات کو چلائے گا۔

(2) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، سب ڈویزنل مجسٹریٹ اور ایک فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کو

Cognizance of cases by Tribunal

حکومت کی طرف سے اس سلسلے میں ٹربیونل طور پر محدود دائرہ اختیارات کے تحت اپنی حدود میں دیئے گئے اختیارات کے تحت ٹربیونل کی طور پر کام کرے گا۔

شخصیات کی طلبی
Summoning of persons

4. ٹریبونل کو اس ایکٹ کے تحت مندرجہ ذیل اسباب کی روشنی میں مقدمات کی سماعت کے اختیارات حاصل ہونگے:

(a) جس شخص کے خلاف شکایت کی جائے یا متاثرہ شخص کے خلاف اس کی حدودمیں جرم کرنے کا الزام ہو اور؛

(b) ایک پولیس افسر جس کا عہدہ سب انسپکٹر کے عہدے سے کم نہ ہو اس سلسلے میں تحریری رپورٹ دے؛

رپورٹ کی نقل فراہم کرنا
Delivery of copy of report

5. رپورٹ ملنے پر ٹربیونل شکایت کئے گئے شخص کی طلبی کے لئے سمن جاری کرے گا یا اگر وہ شخص حراست میں ہے تو ایسے افسر کو ہدایات کرتے ہوئے وارنٹ جاری کرے گی کہ وہ اس شخص کو پیش کرے:

بشرطیکہ اس ٹربیونل میں جب ایسا ہو، ایک پولیس افسر کی رپورٹ پر یا کسی دوسری معلومات پر (ٹربیونل) کسی شخص جس کے خلاف شکایت کی گئی ہو اور ایسے جرم میں ایسے شخص کو فوری طور پر گرفتاری سے نہیں بچایا جا سکتا۔ ٹربیونل کسی بھی وقت اس کی گرفتاری کے وارنٹ جاری کر سکتی ہے۔

طریقہ کار جب کوئی جوابدار روپوش ہوجائے یا مفرور ہوجائے
Procedure where a person absconds or conceals himself

6. دفعہ 5 کے تحت جاری کردہ ہر ایک سمن یا وارنٹ کے ساتھ رپورٹ کی نقل کو بھیجی جائے گی۔ اور ایسی نقل اس افسر کے ہاتھ بھیجی جائے گی جو سمن یا وارنٹ اس شخص کو پہنچائے گا یا اس شخص کو اس کیس میں گرفتار ہوگا۔

بشرطیکہ رپورٹ میں مختصر طور پر مندرجہ ذیل کے بارے میں بیان کیا گیا ہو:

کاروائیاں
Proceedings

(i) وہ اعمال جس پر کسی شخص کے خلاف شکایت داخل کی گئی ہو؛

(ii) ایسے عمل کے وقت اور جگہ کی تفصیل؛

(iii) شکایت کئے گئے شخص کا چال چلن اور اس کے خلاف کئے گئے ایسے دوسرے مقدمات۔

7. جیسا کہ ٹربیونل اس شخص جس کی حاضری یا گرفتاری کے لئے سمن یا جیسا معاملہ ہو تاکہ جیسے وارنٹ جاری کئے گئے ہوں وہ چھپ گیا ہو یا سمن یا وارنٹ وصول کرنے سے کترا رہا رہو تو اسے کوڈ آف کرمنل پروسیجر، 1898 کی دفعات 87، 88 اور 89 کے تحت اقدام لینے کے لئے ایسے شخص یا ملکیت کے خلاف کاروائی چلا سکتا ہے۔

مشترکہ یا علیحدہ کاروائیاں
Joint or separate proceedings

8. (1) جب وہ شخص حاضر ہو جس کے خلاف شکایت کی گئی ہو یا ٹربیونل کے سامنے پیش کیا جائے، یا سمن یا وارنٹ کی وصولی کے سلسلے میں، جسے دفعہ 5 کے تحت جاری کیا جائے۔ ٹربیونل رپورٹ کی سچائی کی روشنی میں ایسے عمل پر جانچ کے لئے کاروائی کر سکتی ہے اور شواہد حاصل کر سکتی ہے جیسا کہ اگر ضروری سمجھا جائے۔

(2) کوڈ آف کرمنل پروسیجر، 1898 کے تحت مقدمات میں سمن پر کاروائی اور گواہی رکارڈ کرنے کے سلسلے میں ایسی جانچ کی جائے گی اور جتنا ممکن ہوسکے جلد از جلد سے جانچا جائے گا۔

ٹربیونل کا اختیار
Power of Tribunal

(3) اس دفعہ کے تحت زیر التوا میں پڑی ہوئی شکایت پر اگر ٹریبونل سمجھا تو جس عمل کے خلاف شکایت کی گئی ہے۔ اس کے خلاف فوری اقدام لینا ضروری ہے تو وجوہات تحریری طور پر ریکارڈ میں رکھے گی:

سماعت کرنے والی ٹربیونل کا طریقہ کار
Procedure by Succeeding Tribunal

(a) جس شخص کے خلاف شکایت کی گئی ہو اس کو بانڈ جمع کرانے کی ہدایت کر سکتی ہے جانچ کے مکمل ہونے تک اچھا برتاء رکھنے کی ضمانتوں کے ساتھ یا ضمانتوں کے علاوہ او ر ایسے حراست میں بھی رکھ سکتی ہے جب تک ایسا بانڈ جمع نہ کرایا جائے یا جب تک جانچ مکمل نہ ہو تب تک جمع نا کرانے کی صورت میں، یا

(b) بانڈ لینے کی صورت میں ایسے شخص کی حاضری کے بجائے ، اس کی نظربندی کا اس عرصےتک کے لئے حکم دے سکتا ہے۔ جیسا کہ بیان کیا گیا ہو یا جانچ کے مکمل ہونے تک، بشرطیکہ نظربندی کا عرصہ دو مہینوں

سے زیادہ نہ ہوں۔ جب تک کیس کو کمشنر کے طرف نہ رجوع نہ کیا جائے اور بعد میں وجوہات پر قلمبند کر کے کمشنر کی رضامندی سے نظربندی چار ماہ تک بڑھائی جا سکتی ہے۔

ٹربیونل کو عدالت سمجھا جائے گا
Tribunal deemed to be court

گواہی
Evidence

9. جہاں دو یا دو سے زائد افراد پر انکواری کرنی ہو تو ان سے ایک ساتھ یا الگ الگ جانچ کی جائے گی جیسا کہ ٹربیونل مناسب سمجھے۔

10. اس ایکٹ کے تحت جانچ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے ٹربیونل کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو کوڈ آف کرمنل پروسیجر، 1898 کے تحت تمام اختیارات حاصل ہونگے، گواہوں کی جانچ اور جن شخصیات کے خلاف شکایت ہو ان کے سمن، وارنٹ، گواہوں کی طلبی، کاغذات جمع کرانے کا حکم جاری کرنا، گواہوں کو بیانات کے جانچ کے لئے کمیشنز بنانا، مقامات کی جانچ اور دوسرے معاملات کے لئے جو اس ایکٹ کے تحت مہیا نہ کئے گئے ہوں۔ جو جانچ کے مکمل ہونے کے لئے ضروری ہوں۔

عادی مجرموں کی طرف سے اچھے برتاء کی ضمانت
Security for good behavior from habitual offenders

11. اگر کوئی ٹربیونل دوسری ٹربیونل کی طرف سے مداخلت کرے تو ایسی ٹربیونل اس سے پہلے ریکارڈ کے گئے شواہد پر کاروائی کر سکتی ہے یا عارضی طور پر ریکارڈ نہ کئے گئے کسی معاملے یا کسی ایک یا تمام شواہد کا دوبارہ سے جائزہ یا جانچ پر سماعت کر سکتی ہے۔ جیسا کہ وہ مناسب سمجھے۔
بشرطیکہ شکایت کرنے والے شخص کے ڈینووٹرائل (Denovo Trial) کے خلاف جانے کا حق نہ ہوگا یا سے کسی شخص، جس سے پیشگی جاچ کی جاچکی ہو اس کو دوبارہ طلب کرنے کا حق حاصل نہ ہوگا۔
12. ٹریبونل اور اپیلیٹ یا نظرثانی کرنے والی اتھارٹی اس ایکٹ کے تحت کوڈ آف کرمنل پرویسجر 1898 کی دفعہ 480 کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے کورٹ سمجھے جائیں گے اور ٹریبونل یا اپیلیٹ یا رویزنل اتھارٹی کے روبرو کاروائی کو بھی عدالتی کاروائی سمجھا جائے گا۔

13. (1) جب تک کچھ نافذ کسی دوسرے قانون کے متضاد نہ ہو۔ ٹربیونل اس ایکٹ کے تحت جانچ کے مقاصد کے حصول کے لئے عام معاملات پر کسی شخص کے خلاف شکایت پر گواہی حاصل کر کے اسے تسلیم کر سکتی ہے کہ وہ ایک عادی مجرم ہے یا اتنا پریشان یا خطرناک ہے کہ اسے کسی بھیڑ میں کسی بڑی سیکیورٹی کے سواء نہیں لایا جا سکتا یا گذشتہ سماعت پر ایسے عمل میں ملوث پایا گیا یا گذرے ہوئے موقعے پر اچھے برتاوء کی بنا پر پابند بنایا گیا ہو۔

(2) اگر ٹربیونل مطمئن ہے کہ شخص جس کے خلاف شکایت ہے، وہ بدنام، خطرناک یا تکراری ہے تو یہ گواہی کیمرہ کے ذریعے محفوظ کی جا سکتی ہے۔ عام فرد سے جس کے خلاف شکایت ہے اس کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتی ہے یا جس کے خلاف شکایت ہے اس کی جانچ کر سکتی ہے اور ایسے اقدام لے سکتی ہے جس سے رپورٹ کی سچائی کو جاننے کے لئے ضروری ہو۔

14. اگر ٹریبونل اس ایکٹ کے تحت کرائی گئی جانچ کے نتیجے سے مطمئن ہو کہ شخص جس کے خلاف شکایت ہے:

(i) جوا کا اڈہ چلاتا ہے یا اپنے ایسے اڈے سے گذرسفر کرتا ہے یا ؛ یا

(ii) ایسی جگہ رکھتا ہے جہاں منع شدہ نشہ آور اشیاء استعمال کی جاتی یا گذرسفر کے لئے ایسی جگہ کمائی کرتا ہو یا منع شدہ اشیاء ذخیرہ کرتا ہے۔ نشے دار اشیاء کی خرید و فروخت کرتا ہے یا منع شدہ اشیاء کی تیاری میں مصروف پایا جاتا ہے، نشے دار اشیاء یا نشہ آور ادویات کا ذخیرہ کرنے، خرید و فروخت میں ملوث پایا جاتا ہے ؛ یا

(iii)فحاشی کا اڈہ چلاتا ہے جیسا کہ مغربی پاکستان سپریشن آف پراسٹیٹوشن آرڈیننس، 1961 میں بیان کیا گیا ہے یا فحاشی کے اڈوں پر جاتا ہے یا تمام یا عارضی طور پر فحاشی کرنے والوں کی کمائی پر گذرسفر کرتا ہے؛ یا

(iv) جوا کے اڈوں یا غیرلائسنس یافتہ جگہوں کی اجازت

دیتا ہے جہاں غیرقانونی نشہ آور اشیاء کا استعمال ہوتا ہو یا غیر اخلاقی مقاصد کے لئے فحاشی کے گھر چلائے جاتےہوں؛ یا

(v)اسپتالوں، نرسنگ ہوم یا کسی تعلیمی اداروں کو غیر اخلاقی مقاصد کے لئے اجازت دیتا ہے یا ایسے افراد یا گھومنے والوں کو اداروں میں لانے کا سبب بنتا ہے؛ یا

(vi) عام مقامات پر مکمل طور پر شراب پی کر یا غیر مناسب طریقے سے آتا ہے، یا عام مقامات پر غیر مناسب طریقے سے پیش آتا ہے یا عام مقامات پر جھگڑا وغیرہ کرتا ہے یا عوامی امن میں خلل ڈالتا ہے ؛ یا

(vii) خراب طریقے یا تیز رفتاری سے گاڑی چلانے کا عادی ہے جس سے عوام کے تحفظ کو خطرہ ہو ؛ یا

(viii) کسی عورت، لڑکی یا 18 سال سے کم عمر کی کسی لڑکی کو غیر اخلاقی مقاصد کے لئے تنگ کرتا ہے، آوازیں کستا ہے، چھیڑ چھاڑ کرتا ہے یا پیچھا کرتا ؛ یا

(ix) آزادانہ طور عورتیں، شخصیات یا ذھنی توازن خراب افراد یا نابالغوں کو اغوا کرتا ہے یا لوٹ مار کرتا ہے یا آزادانہ طور کسی شادی شدہ عورت کو ورغلاتا ہے؛ یا

(x) آزادانہ طور پر ھتیاربند فورسز کے معاملات میں مداخلت کرتا ہے یا رکاوٹ ڈالتا ہے، یا ڈسپلن، صحت یا تربیت، یا میں مداخلت کرتا ہے یا ان کی ڈیوٹیز کی ادائیگی میں رکاوٹ ڈالتا ہے، یا

(xi) آزادانہ نمونے سے نفرت پیدا کرتا ہے یا توہین کرتا ہے، یا ھتیاربند افواج یا ان کے سیکشن میں مداخلت کرتا ہے؛ یا

(xii) آزادانہ طور پر دشمنی کے جذبات کا اظہار کرتا ہے اور شہریوں کی مختلف گروھوں اور طبقوں میں نفرت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے؛ یا

(xiii) مزدور نہ ہوتے ہوئے، مزدوروں کو غیر قانونی طور پر پڑتال کرنے یا گھیراوء کرنے اکساتا ہے یا کشیدگی یا توڑ پھوڑ کے عمل کے لئے اکساتا ہے ؛ یا

(xiv) آزادانہ طور پر عوامی یا نجی گاڑیوں پر پتھراوء کرتا ہے یا گولیاں چلاتا ہے یا کسی عوامی یا نجی ملکیت

کو نقصان پہنچانے کا سبب بنتا ہے؛ یا

(xv) آزادانہ طور پر کسی گاڑی یا کشتی کو یرغمال بناتا ہے؛ یا

(xvi) ریل، ٹرام یا کسی دوسری عوامی سواری میں بنا ٹکٹ کے سفر کا عادی ہے ؛ یا

جوابدار شخص کی آزادی
Release of person complaint against

(xvii) پاکستان کے اندر پاکستان سے باہر وقتی طور نافذ قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اشیاء لانے اور لے جانے کا عادی ہے ؛ یا

(xviii)عیاشی کرنے کا عادی ہے یا کسی مداخلت یا سفارش کے ذریعے پیسے وصول کرتا ہے، یا دوسری ملکیت حاصل کرتا ہے یا کوئی رعایت حاصل کرتا ہے یا کوئی فائدہ حاصل کرتا ہے؛ یا

بانڈ جمع کرانے میں ناکامی
Failure to furnish Bond

(xix) دانستہ طور پر چوری کی ملکیت وصول کرنے یا لین دین کرنے کا عادی ہے، یا

(xx) عادی مجرم، ڈاکو، تالا توڑنے والا چور یا جیب کترا ہے یا ایسے مجرموں کو پناہ دیتا ہے یا حفاظت کرتا ہے یا چرائی ہوئی ملکیت کی لین دین کرتا ہے؛ یا

(xxi) عادی ٹھگ ہے، یا جعلی یا عادتا دانستہ طور پر جعلی سکوں کا استعمال کرتا ہے؛ یا

(xxii) بلیک مارکیٹ کا عادی ہے، ذخیرہ اندوز ہے، زانی ہے یا انسانی استعمال کی اشیاء یا نشہ آور اشیاء یا ادویات کا عادی ہے ؛ یا

ضمانت
Surety

(xxiii) زندگی کا گذر بسر دھوکے اور بے ایمانی سے کرتا ہے یا ایسے چوروں اور کرپٹ عملداروں یا افراد کے بیچ میں عام زندگی میں کردار ادا کرتا ہے، یا بلیک میلر ہے یا غنڈہ ٹیکس وصول کرتا ہے یا مقدمات کے سلسلے میں ایک ٹاوٹ کا کردار ادا کرتا ہے۔

(xxiv) دوسروں کو مطمئن کرنے کا اس کے پاس سبب نہیں یا اپنے متعلق دوسروں کو جواب سے مطمئن نہیں کر سکتا؛ یا

بانڈ کو رد کرنے کے لئے درخواست

(xxv) آزادانہ طریقے سے سائیکلو اسٹائل کرتا ہے، چھاپتا ہے، شائع کراتا ہے، بانٹ سکتا ہے، فروخت کرتا ہے یا فروخت کے لئے آفر کر سکتا ہے یا ہاتھ سے

Request for cancellation of bond

سائیکلو اسٹالڈ لکھنے، چھاپنے، شائع کرنے، بانٹے، بیچنے یا بیچنے کی آفر کرنے کا سبب بن سکتا ہے، بغاوت ، ہتک آمیز، گالی گلوچ یا توہین آمیز پمفلیٹ، نئی شیٹس یا ہینڈ بلز یا ننگی تصاویر کی کتابیں یا تصویریں یا دوسرا مواد شائع کرتا ہے؛ یا

بانڈ کا ضائع ہونا
Breach of Bond

(xxvi) آزادانہ طور پر لکھتا ہے یا چھاپتا ہے یا دیواروں، روڈ، راستوں، پلیٹ فارمز، یا ایسے مقامات پر بغاوت ، ہتک آمیز، توہین آمیز، گالی گلوچ والے یا فحش نعرے یا الفاظ جو عام افراد کے پڑھنے میں آسکیں، لکھنے یا چھپائی کا سبب بنتے ہوں تو ؛ یا

(xxvii) آزادانہ طریقے سے مداخلت کرتا ہے یا صلاحیت خراب کرتا ہے یا کسی حکم کی مزاحمت کرتا ہے؛ یا

(xxviii) سمندری راستے غیر قانونی طور پر افراد کو پاکستان میں داخل کرتا ہے یا داخل اور باہر جانے کی سہولیات فراہم کرتا ہے، یا

آزادی کی شرائط
Conditions of release

(xxix) ملکی مفاد کے خلاف سرگرمی میں آزادانہ طور پر ملوث ہو یا اس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جیسا کہ پریونشن آف اینٹی نیشنل ایکٹوٹیز ایکٹ، 1994 میں بیان کیا گیا ہے، یا

(xxx) کوئی بم، اسٹین گن، مشین گن، آٹومیٹک رائفل، گرینڈ، راکٹ، ڈائنا مائیٹ یا کوئی دھماکے دار مادہ آزادانہ طور پر غیر قانونی اشیاء رکھتا ہے یا ان اشیاء کو رکھنے کا سبب بنتا ہے یا رکھتا ہے ؛ یا

(xxxi) آزادانہ طور پر قابل نفرت ٹیلی فونز کالز کرنے میں ملوث پایا جائے؛ یا

اپیل
Appeal

(xxxii) غیر قانونی قبضوں کا عادی ہے یا کھدائی یا تعمیر یا حکومت، یا کسی لوکل کائونسل ، خودمختیار باڈی یا کو آپریٹو ہاوسنگ سوسائٹی سے تعلق رکھنے والی زمین کی حددخلی کسی دوسرے طریقے سے؛ یا

(xxxiii) آزادانہ طور پر جرم کرتا ہے یا نجی ملکیت پر غیر قانونی قبضہ کرتا ہے، طاقت کے زور پر ایسی ملکیت حاصل کرتا ہے؛ یا

(xxxiv)

(xxxv) مندرجہ بالا شقوں میں سے کسی بھی ایک میں ملوث ہو یا اس ایکٹ کے تحت کسی بھی حکم کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

ریکارڈ کی طلبی کا اختیار
Power to call for record

اس کے عیوض اس سے بانڈ کے ساتھ ایک یا اس سے زائد ضمانتیں طلب کی جائیں گی اس مدت کا دورانیہ 3 سالوں سے زائد نہ ہوگا اور ایسی رقم واضع کی جائے گی جو اچھے برتاوء کے لئے ہوگی بشرطیکہ اگر وہ نابالغ ہے تو ضمانت یا ضمانتوں کے ساتھ صرف بانڈ قابل قبول ہوگا۔

مقدمات کی منتقلی
Transfer of cases

15. اگر اس ایکٹ کے تحت کوئی جانچ کی جاتی ہے، جس پر ٹربیونل مطمئن ہے تو ضروری نہیں کہ خلاف شکایت شخص کو 14 کے تحت بانڈ کے جمع کرانے کے لئے طلب کیا جائے دفعہ وہ اس سلسلے میں داخلا ریکارڈ پر رکھے گی، اور اگر ایسا شخص حراست میں ہے صرف جانچ کے مقاصد کے لئے اسے آزاد کیا جائے گا یا اگر ایسا شخص حراست میں نہیں ہے تو اسے ڈسچارج کیا جائے گا۔

کاروائی سے دستبردار ہونا
Withdrawal of proceeding

16. (1) اگر جس شخص کے خلاف شکایت کی گئی ہے دفعہ 14 کے تحت بانڈ جمع کرانے میں ناکام ہوتا ہے تو اسے قید کی سزا دی جائے گی یا اگر وہ پہلے سے قید میں ہے تو اسے قید میں نظربند کیا جائے گا اور اسے تب تک حراست میں رکھا جائے گا جب تک وہ بانڈ جمع نہیں کراتا یا حکم کی مدت ختم نہیں ہوتی، یا جیسا معاملہ ہو یا ٹربیونل اس کے متعلق کوئی حکم دے سکتی ہے۔

مقدمات اور قانونی چارہ جوئی پر پابندی
Bar to suits and prosecutions

(2) بانڈ جمع کرانے میں ناکامی پر ذیلی دفعہ (1) کے تحت دفعہ 14 کی شق (iv)، (v)، (vi)، اور (xxxi) پر جرم یا عمل پر اسے قید کی سزا دی جائے گی جو سادہ ہوگی اور دفعہ 14 کی دوسری شقوں کے تحت کئے گئے عمل یا جرم کی سزا سخت ہوگی۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

17. ٹربیونل دی گئی ضمانت سے انکار کر سکتی ہے یا ایسی ٹربیونل کی طرف سے پیشگی قبہل کی گئی کسی بھی ضمانت کو رد کر سکتی ہے یا پیشگی منظور کی گئی ضمانت کو ان بنیادوں پر رد کر سکتی ہے کہ یہ ضمانت

منسوخی
Repeal

اس شخص کے لئے بانڈ کے مقاصد کے لئے مناسب نہیں ہے۔
بشرطیکہ ایسی کوئی ضمانت کو قبول کرنے سے پہلے ٹربیونل ایسی ضمانت کی فٹنیس کے متعلق جانچ کروائے گی۔
مزید براں کہ کوئی ضمانت جو پہلے منظوری کی گئی ہو، اس کو رد کرنے کا حکم جاری کرنے سے پہلے ٹربیونل سمن یا وارنٹ جاری کرے گی، جیسا وہ مناسب سمجھے اور اس فرد کو سبب گنواتے جس نے ایسی ضمانت دی ہے اسے پیش کرنے یا سامنے لانے کا حکم جاری کرے گی۔

18. (1) کوئی بھی ضمانت کسی بھی وقت ٹربیونل کے سامنے اس کی طرف سے پیش کئےگئے بانڈ پر عمل سے روک سکتی ہے اور ایسی درخواست پر ٹربیونل سمن یا وارنٹ جاری کر سکتی ہے اگر مناسب سمجھے، جس میں ایسی ضمانت والے شخص کو پیش ہونے یا بلانے کے لئے طلب کر سکتی ہے۔

(2) جب دفعہ 17 یا اس دفعہ کی زیلی دفعہ (1) کے تحت کسی شخص کی حاضری کے لئے وارنٹ یا سمن جاری کئے گئے ہوں تو وہ ٹربیونل کے سامنے پیش ہوں یا لایا جائے تو وہ ایسے شخص کی طرف سے جمع کرائے گئے بانڈ کو رد کر سکتی ہے اور اس کو دینے کا حکم دے سکتی ہے، ایسے بانڈ کی مدت ان ایکسپائرڈ حصے کے لئے تازہ ضمانت اسی تفصیلات کے ساتھ اصل ضمانت کی طرح۔

19. (1) خلاف شکایت شخص کی طرف سے بانڈ جمع کرایا جائے گا کہ وہ اچھے برتاوء کا پابند ہوگا اور وہ قابل سزا قید کسی جرم کی کوشش یا جرم کرنے سے دور رہے گا، جب بھی جرم کیا جائے گا تو وہ اس بانڈ کی خلاف ورزی سمجھا جائے گا۔

(2) جو بھی اس ایکٹ کے تحت جاری کئے گئے کسی حکم کی خلاف ورزی کرے گا یا اس کو ماننے سے انکار کرے گا تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی، جو

پانچ سالوں تک بڑھ سکتی ہے اور جرمانہ جو دس ہزار تک ہو سکتا ہے۔

وضاحت:

ذیلی دفعہ (2) کے تحت قید کی سزا بڑھ سکتی ہے، جو حراست میں رہنے والی مدت کی ان ایکسپائرڈ حصے کے ختم ہونے کے بعد شروع ہوگی۔

20. (1) اگر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اس خیال کا ہے کہ اس کے ضلعے میں قید فرد کو سزا سنائی گئی ہو اور یہ شخص اس ایکٹ کے تحت ضمانت جمع کرانے میں ناکام رہا ہو تو اسے معاشرے یا کسی شخص کے کہنے کے بنا بھی آزاد کیا جا سکتا ہے۔ ایسے شخص کو بنا شرط کے آزاد کرنے کا حکم جاری کر سکتی ہے یا ایسی کسی شرط پر یا شرائط جسے قواعد کے مطابق بیان کی گئی ہو اور جو اس رہائی پر اس شخص کی طرف سے قبل کی گئی ہو۔

(2) اگر کسی شرط جس پر ایسے شخص کو آزاد کیا ہے جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے خیال میں اس پر عمل نہیں کیا گیا تو اسے رد کیا جاسکتا ہے اور ایسے رد ہونے کی صورت میں آزاد کئے گئے شخص کو گرفتار کیا جائے گا اور جب تک وہ اصل حکم کے مطابق ضمانت نہیں دے گا اس کی مدت کے ان ایکسائپرڈ حصے کے لئے اسے جیل میں رکھا جائیگا اس جرم میں جس میں اسے پہلے ہی ضمانت طلب کی گئی ہو۔

21. (1) ٹربیونل کی طرف سے 8، 14، 15، 16، 17 اور 19 کے تحت جاری کیے گئے حکم کے 3 دن کے اندرکمشنر کو ایک اپیل داخل کرائی جا سکتی ہے۔

(2) حکومت ذیلی دفعہ (1) کے تحت داخل کی گئی اپیلوں کی سماعت کے لئے ایک ایڈیشنل کمشنر نامزد کرسکتی ہے۔

(3) اس دفعہ کے تحت اپیلوں کو نمٹانے کا طریقے کار کوڈ آف کرمنل پروسیجر 1898 میں بیان کیا گیا ہے جس کے تحت اپیلوں سے متعلق معاملات کو حل کیا جائے گا۔

22. (1) کمشنر کسی بھی ٹربیونل سے کاروائی کا ریکارڈ جانچ کے لئے طلب کرسکتا ہے وہ اپنے اطمینان کے لئے ٹربیونل سے کاروائی کا ریکارڈ منگوا سکتا ہے تاکہ وہ اس کی سچائی، قانونی حیثیت یا کسی انکشاف کی شفاعیت معلوم کرسکے یا حکم جو ریکارڈ کیا گیا ہے یا ٹربیونل ک کاروائی یا زیر التویٰ جانچ ریکارڈ کے متعلق ہدایت جاری کرسکتا ہے کہ کسی حکم پر عمل ملتوی کیا گیا ہے اور اگر جس شخص کے خلاف شکایت ہے وہ زیر حراست ہے تو وہ ضمانت پر یا اپنے بانڈ کے ذریعےہو سکتا ہے۔

(2) ہائی گورٹ اپنے اطمینان کے لئے کمشنر کی موجوگی کسی کیس کا ریکارڈ جانچ کے لئے طلب کر سکتی ہے۔ تاکہ دفعہ 21 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت کمشنر کے جاری کئے گئے حکم کی قانونی حیثیت کا جائزہ لے سکتی ہے اور جیسا مناسب سمجھے حکم جاری کر سکتی ہے۔

23. (2) کمشنر اپنی ڈویزن کے اندر تحریری حکم کے ذریعے کوئی کیس ایک ٹربیونل سے دوسری ٹربیونل کو منتقل کر سکتا ہے۔

(2) ضلعی مجسٹریٹ تحریری حکم کے ذریعے کوئی کیس منتقل کر سکتا ہے سوائے اس کیس کے جو کمشنر نے تحریری حکم کے ذریعے ایک ٹربیونل سے دوسرے ٹربیونل میں اسکے ضلعے میں منتقل کیا ہو۔

24. پبلک پراسیکوٹر، ٹربیونل کی رضامندی یا حکومت کے احکام کے تحت کسی شخص یا حکومت کے خلاف ایسی ٹربیونل میں زیر التوا کاروائی سے دستبردار ہو سکتا ہے۔ اور ایسی دستبرداری پر ایسا شخص جو فقط اس کاروائی کے مقاصد کے لئے حراست میں ہو اسے آزاد کیا جائے گا اگر ایسا شخص حراست میں نہیں ہے تو اسے ڈسچارج کیا جائے گا۔

25. اس ایکٹ کے تحت کسی بھی کاروائی یا جاری کئے گئے حکم کے خلاف کسی بھی سول یا کرمنل کورٹ میں سوال نہیں اٹھائے جائیں گے اور کسی بھی شخص کی

طرف سے اس ایکٹ کے تحت لئے گئے اقدام یا ارادے پر کوئی بھی سول یا کرمنل کاروائی نہیں کی جائے گے یا کسی شخص یا نقصان یا کسی جائیداد کے سلسلے میں کسی عمل کے نتیجے میں یا اس ایکٹ کے تحت ارادے کے نتیجے میں کوئی کاروائی نہیں ہوگی۔

26. حکومت اس ایکٹ کے مقاصد پورے کرنے کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

27. مغربی پاکستان کنٹرول آف گونداز آرڈیننس، 1959 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔
بشرطیکہ مغربی پاکستان کنٹرول آف گونداز آرڈیننس 1959 کے تحت زیر التویٰ کاروائیاں اس ایکٹ کے سبب متاثر نہیں ہونگے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔